نہ اختیار کر جائے ۔ اس لیے اصل عبارت لکھ رہا ہوں ۔ اگر آپ کے دلوں میں میری بات اتر جائے ۔

یہ کہ ہمارا یہ ملک جس کا نام پاکستان یعنی پاکیزہ رکھا گیا ہے اور اس ملک کی باگ ڈور ایسے ہاتھوں میں رہی اور ہے، جن کو ملک و ملت اور اسلام سے دلچسپی تھی نہ ہے ۔ صرف لوٹ مار ہی مقصد رہا اور ہے ۔ یہ ملک اسلام کے نام ہی سے معرض وجود میں آیا ہے ۔ دنیا میں صرف ایک ہی مثال ہے کہ ملک اسلام کے نام سے بنا ہو ۔ ملکوں میں ہمیشہ اسلام آیا ۔ یہاں اسلام پر ملک وجود میں آیا ۔ لیکن ہم نے کوئی قدر نہ کی ۔ ہم نے اسلام کی دھجیاں اڑا دی ہیں ۔ بے حیائی، فحاشی جو کہ معمول بن گیا ہے ۔ پاکستان ٹی ۔ وی نے تو شاید انڈیا اور مغرب کو پیچھے چھوڑ دیا ہے ٹی وی مسلسل سبقت لینے میں مصروف ہے ۔ یہ ڈرامے میں بھرپور انداز سے فحاشی اور لڑکی اور لڑکے کے درمیان رومانس کی آسان ترکیب سکھائی جاتی ہے ۔ ایسی فلمیں دکھائی جاتی ہیں کہ نئی نسل کو اچھی طرح گمراہ اور بے غیرت کر دیا جائے ۔ یہ کلیہ بات ہے کہ جب ’’برائی کی انتہا‘‘ ہو جائے ۔ تو ایک مجاہد آئیں گے اور سب سے پہلے ان حضرات کو جن میں شاید آپ بھی شامل ہوں کہ نیست و نابود کر دیں گے ۔ کیونکہ فحاشی اور برائی سے بے راہ روی ہو رہی ہے اور آپ طاقت کے باوجود خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں ۔

PTV کے تمام پروگرام اخلاق سے عاری اور مغربی ڈانس سے بھرپور ہیں ۔ ایک پروگرام جس کی کمپیرنگ ایک فاحشہ انداز کی عورت ’’عائشہ عالم‘‘ کر رہی ہے ۔ یہ پروگرام مقدس دن جمعۃ المبارک کی شام کو دکھایا جاتا ہے جس میں اخلاق کی تمام حدیں اس کمپیئر نے پھلانگتے ہوئے مورخہ ۳-۵-۹۶ کے پروگرام LOLLYWOOD جو ڈبل گانوں کا پروگرام ہے ۔ عائشہ عالم نے کمسن اور ادھیڑ عمر لڑکیوں، عورتوں سے اس قدر بے ہودہ سوال کیے ۔ کہ شاید اس وقت عذاب انہیں کیوں نہ نازل ہوا ۔ ہو سکتا ہے ابھی ہمارے آزمائش کے دن باقی ہوں!

PTV پر ایسی اخلاق سے عاری بے ہودہ عورتوں کا قبضہ ابھی باقی ہے ۔ اس پروگرام میں ’’عائشہ عالم‘‘ نے متعدد کمسن بچیوں سے سوال کیے کہ آپ کو فلم میں ہیروئن لیا جائے ۔ تو آپ کس ہیرو کے ساتھ آنا چاہیں گی قوم کی نونہال بچیوں کو کیا سبق دیا جا رہا ہے ۔ پاک TV کی یہ فحاشی بہت ہی کم ہے ۔

آپ کے لیے لمحہ فکریہ ہے ! ان لوگوں سے زیادہ اس کی سزا آپ کو اور ہم کو ملے گی ۔ اس پروگرام LOLLYWOOD کی کمپیئر کے خلاف مقدمہ چلایا جانا چاہیئے اور ان کو کم از کم زیرو پوائنٹ پر کوڑے لگوانے چاہیں ۔ ان کا جرم بہت بڑا ہے ۔

(شیخ عبدالستار چوک پونڈا نوالہ گوجرانوالہ)

نئے اسلامی سال کی آمد پر

گردش لیل و نہار نے ماہ و سال کو ۱۴۱۶ھ کے ماہ ذی الحج کی آخری شام تک پہنچا دیا ہے ۔ نئے اسلامی سال ۱۴۱۷ھ کی یکم محرم الحرام کا طلوع آج ہم